درجہ بندی: افیشل

اشاعت کی منظوری کا حوالہ: PAR1381

# NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر: آزاد جائزے کا عمل

## عوامی معلوماتی گائڈ

ورژن 2، 1 جون 2022

# مندرجات


NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کیا ہے؟ .......... 2
NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کیلئے اہلیت کے فیصلوں کی ذمہ داری .......... 2
آزادانہ جائزہ .......... 2
اگر آپ IR کی درخواست دینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو کیا توقع رکھیں .......... 3
IR کے لیے درخواست دینا اور درخواست فارم بھرنا .......... 3
درخواست فارم بھرتے وقت کن چیزوں پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ .......... 3
آپ کو اپڈیٹ رکھنا .......... 5
آپ کی درخواست کا جائزہ .......... 5
IR پینل کے لیے انتظامات .......... 6
کون این ایچ ایس کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کے لیے اہل ہے؟ .......... 8
وہ کلیدی ملاحظات کا خلاصہ جو ہم یہ فیصلہ کرنے میں استعمال کرتے ہیں کہ آیا کوئی 'بنیادی صحت کی ضرورت' کا حامل ہے 8
آپ کے ذاتی ڈیٹا کا کیا ہوتا ہے؟ .......... 9

یہ گائیڈ عوام کو NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کے آزادانہ جائزے کے عمل کا جائزہ لینے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

## NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کیا ہے؟

NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر وہ نام ہے جو دیکھبھال کے ایک جاری پیکج کو دیا جاتا ہے جو مکمل طور پر NHS کے توسط سے ترتیب دیا جاتا ہے، فنڈز فراہم کیے جاتے ہیں، ان لوگوں کے لیے جن کے بارے میں اندازہ کیا جاتا ہے کہ 'بنیادی صحت کی ضرورت' کے حامل ہیں۔ اگر آپ مستحق پائے جاتے ہیں، تو آپ کی دیکھ بھال کا پیکج اکثر آپ کے اپنے گھر یا کیئر ہوم میں پہنچایا جاتا ہے۔

آپ کی مقامی صحت کی دیکھ بھال کی منصوبہ بندی اور خریداری کے لیے ذمہ دار انٹیگریٹڈ کیئر بورڈ (ICB) یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آیا آپ NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کے مستحق ہیں یا نہیں۔

نیشنل فریم ورک برائے NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر اور NHS کی مالی اعانت سے چلنے والی نرسنگ کیئر (نیشنل فریم ورک) اس بات کا تعین کرنے کے لیے اصول اور طریقہ کار متعین کرتے ہیب کہ آیا کوئی شخص NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کے لیے مستحق ہے اور فیصلے کو چیلنج کرنے کے لیے۔

## NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کیلئے اہلیت کے فیصلوں کی ذمہ داری

اگر آپ NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کے لیے اپنی اہلیت کے فیصلے سے مطمئن نہیں، تو آپ (یا آپ کا نمائندہ) ICB سے اس کے مقامی حل کے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے فیصلے پر نظرثانی کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

## ازادانہ جائزہ

اگر ICB مقامی تصفیے کے ذریعے معاملے کو حل کرنا ممکن نہیں ہے، تو آپ آزادانہ جائزے (IR) کا مطالبہ کرنے کے لیے ہمیں (NHS انگلینڈ) کو درخواست دے سکتے ہیں۔

**وہ جو IR پراسس کیلئے ممکن نہیں**

یہ پراسس یعنی عمل یہ ملاحظہ کرنے سے قاصر ہے:

- اہلیت کے معیار کا مواد
- NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر پیکج کی کسی بھی پیشکش کی نوعیت اور جگہ
- کسی بھی متبادل دیکھ بھال کے پیکیج کا مواد جو آپ کو پیش کیا گیا ہو
- وہ علاج یا خدمات جو آپ حاصل کررہے ہیں یا حاصل کر چکے ہیں۔
- منفی چیک لسٹ کے بعد کسی انٹیگریٹڈ کیئر بورڈ (ICB) کا مکمل تشخیص کی درخواست پر غور کرنے سے انکار
- کسی بھی ازالے کی ادائیگی کا حساب کتاب.

ان مسائل کو اٹھانے سے متعلق آپ کو NHS کی شکایات کا طریقہ کار استعمال کرنا چاہیے۔

## اگر آپ IR کی درخواست دینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو کیا توقع رکھیں

اس پراسس کے کئی مراحل ہیں:

- آپ درخواست فارم کیلئے درخواست دیں،اور اسےمکمل کرکے واپس کریں۔
- ہم آپ کی درخواست کا جائزہ لیتے ہیں۔ ایک IR پینل کا اہتمام کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرنے سے قبل ہم آپ کے کیس کو 'غور کرنے کے عمل' (جسے ذیل میں بیان کیا گیا ہے) کے لیے مختص کر سکتے ہیں۔
- ہم اپنے فیصلے کے بارے میں آپ کو اگاہ کرنے کے لیے لکھتے ہیں۔
- اگر ہم ایک پینل سے اتفاق کرتے ہیں، تو ہم تاریخ تجویز کریں گے تاکہ آپ پینل سے ملیں اور آپ کو میٹنگ میں شرکت کی دعوت دیں گے، اگر آپ چاہیں تو.
- IR پینل آپ کی اہلیت کے بارے میں ملتا ہے اور اپنی سفارش پیش کرتا ہے۔
- ہم آپ کو اور ICB کو فیصلے سے آگاہ کرتے ہیں اور اگر آپ اس کے نتیجے سے اتفاق نہیں کرتے تو ہم آپ کے آپشنز کی وضاحت کرتے ہیں۔

## IR کے لیے درخواست دینا اور درخواست فارم بھرنا

اگر آپ لوکل ریزولیوشن میٹنگ کے بعد ICB کے فیصلے سے مطمئن نہیں، تو آپ کو ہمارا 'آزادانہ جائزے کے لیے درخواست' فارم بھرنا لازمی ہوگا۔ درخواست دینے کے لیے، ICB کے لوکل ریزولوشن کے فیصلے کے خط میں دی گئی تفصیلات کو استعمال کرتے ہوئے ہم سے رابطہ کریں۔ آپ کو لازمی طور پر چھ ہفتوں کے اندر فارم واپس کرنا ہوگا تاکہ ہم آپ کی درخواست کو آگے بڑھا سکیں۔

اگر آپ کو درخواست فارم بھرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے، تو ہماری ہی ٹیم کے کسی ممبر سے پوچھیں۔

ہمارا مقصد اس عمل کو جلد از جلد آگے بڑھانا ہے، لیکن ہم بہت زیادہ کیسز کو نمٹا رہے ہیں اور اس بات کو یقینی بنانے میں وقت لگتا ہے کہ ہمارے پاس تمام مطلوبہ معلومات موجود ہیں۔

## درخواست فارم بھرتے وقت کن چیزوں پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔

ہم اہلیت کے اصل فیصلے سے آپکے متفق نہ ہونے کی اہم وجوہات جاننا چاہیں گے۔ آپ کو اس گائیڈ کے پچھلے حصے میں 'اہم تحفظات' سیکشن کو پڑھنا مفید معلوم ہو سکتا ہے اور فارم بھرتے وقت درج ذیل پر غور کرنا:

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ICB نے آپ کی ضروریات کی وسعت کا صحیح طور پر اندازہ نہیں لگایا، تو مطلوبہ ضروریات کی نوعیت کی تشریح کریں اور یہ کہ تشخیص کے وقت آپ کو کس قسم کی دیکھ بھال کی ضرورت تھی۔

- جتنا اپکے لئے ممکن ہو اتنا یقینی/مخصوص رہیں – اس سے ہمیں بہت زیادہ مدد ملتی ہے اگر آپ کہتے ہیں کہ کوئی مسئلہ 'عام طور پر دن میں دو یا تین بار' ہوا ہے بجائے اس کے اگر آپ کہتے ہیں کہ 'بہت زیادہ' ہوا ہے۔
- ہمیں کسی بھی ایسی چیز کے بارے میں آگاہ کریں جس نے دیکھ بھال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہو۔
- ہمیں بتائیں کہ کیا آپ کی ضروریات کی پیشگوئی کرنا مشکل تھا اور آیا ان میں اتار چڑھاؤ آیا۔
- آپ کی ذہنی اور جذباتی ضروریات جسمانی ضروریات کی طرح اہم ہیں۔
- اپنے رشتہ داروں یا رضاکاروں کے ساتھ ساتھ پیشہ ور افراد نے جو دیکھ بھال آپکو فراہم کی تھی اس کے بارے میں ہمیں آگاہ کریں۔

آپ IR کے عمل کے لیے نئے شواہد صرف اس صورت میں پیش کر سکتے ہیں جب یہ مناسب ہو کہ ICB سے آپ کی تشخیص کرتے وقت اور اپنا فیصلہ کرتے وقت اس ثبوت کو حاصل کرنے اور/یا اس پر غور کرنے کی توقع کی جارہی تھی، مگر وہ ایسا کرنے میں ناکام رہاہو۔

مزید معلومات فراہم کرنے کیلئے یہ آپ کا **آخری** موقع ہے اور آپ اس عمل کے بعد والے مرحلے میں اضافی معلومات متعارف نہیں کر سکتے۔

ICB ہمیں وہ گذارشات فراہم کرتا ہے جو آپ نے انہیں پیش کی تھیں، لہذا آپ کو انہیں ہمیں بھیجنے کی ضرورت نہیں۔ برائے مہربانی مطمئن ہوجائیں کہ میٹنگ سے قبل ICB کی طرف سے ہمیں ارسال شدہ معلومات کا جائزہ لینے اور پینل کے سامنے آپ کی کسی بھی تشویش کو زبانی طور پر اجاگر کرنے کا آپ کو موقع ملے گا۔

IR کے لیے درخواست کرنے کے لیے اوپر بیان کردہ عمل کا مقصد آپ کو کسی ابتلا میں ڈالنا نہیں ہے۔ اگر آپ اس پراسس کے کسی بھی پہلو میں مشکلات سے دوچار ہوں، تو برائے مہربانی NHS انگلینڈ میں آپ کی درخواست پر کارروائی کے ذمہ دار ایڈمنسٹریٹر سے رابطہ کریں۔ ایڈمنسٹریٹر کا نام اس خط پر موجود ہونا چاہیے جو درخواست فارم کے ہمراہ ہو۔

## آپ کو اپڈیٹ رکھنا

آپ کے کیس میں مدد کرنے والے کیس ورکر کی تفصیلات آپ کو دی جائیں گی، جو آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دے سکے گا۔ ہمارا مقصد ہے کہ آپ کی درخواست پر جلد سے جلد کام کریں اور آپ کو پیشرفت سے آگاہ رکھیں۔ درایں اثنا، برائے مہربانی نوٹ کریں کہ اس عمل میں عام طور پر تین سے چھ ماہ لگتے ہیں، اور اپ ڈیٹس کی درخواستوں کا جواب دینے کی کیلئے ہماری صلاحیت محدود ہوتی ہے۔

## آپ کی درخواست کا جائزہ

ہم آپ کے درخواست فارم اور ICB کے ذریعہ تیار کردہ کیس فائل کا استعمال کرتے ہوئے آپ کے کیس کا پیش جائزہ لیتے ہیں۔ کیس کے پیش جائزے کے کئی ممکنہ نتائج ہوتے ہیں جن میں درج ذیل شامل ہیں:

- ہمیں اگر پتہ لگ جاتا ہے کہ کیس فائل نامکمل ہے، تو ہم ICB سے مزید معلومات کی درخواست کرتے ہیں۔
- اگر ICB نے اپنے ابتدائی فیصلے کے بعد مقامی حل پیش نہیں کیا، تو ہم یہ کیس ICB کو واپس کر دیتے ہیں تاکہ دیکھیں کہ آیا وہ IR کی ضرورت کے بغیر آپ کے خدشات کو حل کر سکتے ہیں۔
- ہمیں اگر کوئی شک ہو تو، ہم آپ کا کیس ایک آزاد چیئرپرسن کو اس بارے میں مشورہ کے لیے مختص کرتے ہیں کہ آیا اس کا جائزہ لینے کے لیے ایک IR پینل کو بلایا جائے۔
- اگر کیس تیار ہے اور IR پینل کے لیے مناسب ہے، تو ہم پینل کی تاریخ طے کرنے کا اہتمام کرتے ہیں۔

ہم ایک آزاد چئرپرسن سے مشورہ لینے کے لیے 'غور کرنے کے عمل' کا استعمال کرتے ہیں کہ آیا کسی خاص کیس کے لیے IR پینل منعقد کرنا ہے یا نہیں۔ اگر ہم آپ کا کیس اس عمل کے لیے مختص کرتے ہیں، تو ایک آزاد چئرپرسن اور آزاد کلینکل ایڈوائزر آپ کے درخواست فارم اور کیس فائل کا جائزہ لیں گے۔

اگر وہ سمجھتے ہیں کہ آپ کی ضروریات NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کی اہلیت کے معیار سے باہر ہیں، یا آپ کا کیس IR پینل کے زیر غور آنے کے لیے واضح طور مناسب نہیں ہے، تو چیئرپرسن اپنی استدلال کی وضاحت کرنے والی ایک رپورٹ تیار کرے گا اور تجویز کرے گا کہ ہم پینل منعقد نہ کریں۔ ہم آپ کو چئرپرسن کی رپورٹ کی ایک کاپی بھیجیں گے جس میں ان کے استدلال اور ان کی سفارشات کی وضاحت کی جائے گی کہ ہم کوئی پینل منعقد نہیں کر رہے۔

تاہم، اگر چئرپرس فیصلہ کرتے ہیں کہ پینل کو آپ کی دیکھ بھال پر غور کرنا چاہیے، تو ہم پینل کی تاریخ طے کرنے کا اہتمام کریں گے۔

## IR پینل کے لیے انتظامات

### شیڈولنگ

ہم IR پینل میٹنگ کے انتعقاد کے لیے ایک تاریخ مختص کرتے ہیں۔

### آپ کی شرکت

ہم آپ کو اجلاس میں شرکت کی دعوت دیتے ہیں، اگر آپ چاہیں، یا بصورت دیگر آپ اپنے خیالات تحریری طور پر پیش کر سکتے ہیں۔

CHC انڈیپینڈنٹ ریویو پینل عام طور پر آن لائن مائکروسافٹ ٹیمز پر (ورچولی) منعقد کئے جاتے ہیں۔ افراد ٹیلی فون، روبرو اور IRPs کے ہائبرڈ ورژن کی درخواست کر سکتے ہیں اور ان درخواستوں پر NHS انگلینڈ کی جانب سے کیس ٹو کیس کی بنیاد پر غور کیا جائے گا۔

### خاص تقاضے

اگر آپ کے کوئی مخصوص تقاضے ہیں، مثال کے طور پر: وہیل چیئر کی رسائی، گراؤنڈ فلور یا لفٹ، بریل، برٹش سائن لینگویج – تو برائے مہربانی ہمیں جلد از جلد اور پینل میٹنگ سے کم از کم دو ہفتے قبل مطلع کریں۔

### آپ کیلئے کیس فائل کي کاپی

میٹنگ میں بروئے کار آنے والی کیس فائل کی ایک کاپی ICB آپ کو بھیجتا ہے۔ اگر فائل میٹنگ کی تاریخ سے دو ہفتے قبل نہیں پہنچی، تو برائے مہربانی ہمیں فوراً مطلع کریں۔

درخواست گزار کے طور پر، آپ کو IR پینل میں شرکت کی ضرورت نہیں، اگر چہ شرکت کرنے کے لیے آپ کا بہت خیرمقدم کیا جاتا ہے۔ اگر آپ شرکت نہیں کرتے، تو ہم ICB کی طرف سے فراہم کردہ اپنی کیس فائل کا جائزہ لینے کے بعد آپ کے اہم خیالات کو تحریری طور پر قبول کریں گے۔

### وکیلوں کے توسط سے حاضری

بعض لوگ IR پینل میٹنگ میں اپنے وکیل کو بطور نمایندہ مقرر کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرتے ہیں، تو اسے یہ جاننا ضروری ہے کہ IR پینل میٹنگ کوئی قانونی عمل نہیں ہے۔ چونکہ IR پینل میٹنگ میں قانون کے پیشہ ور افراد کے لیے کوئی رسمی کردار نہیں ہے، اس لیے NHS کسی وکیل کی تقرری کے باعث آپ پر آنے والے اخراجات کی واپس ادائگی نہیں کرتا۔

### طریقہ کار کے مسائل کے بارے میں IR پینل کا نقطہ نظر

یہ سمجھنا ضروری ہے کہ حتیٰ کہ اگر NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کے لیے آپ کا جائزہ لینے کے بعد عمل میں آنے والے طریقہ کار کے باعث مسائل پیدا ہوئے ہوں، تو یہ IR پینل کو یہ نہیں بتائے گا کہ وہ سفارش کرے کہ آپ NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کے اہل ہیں، جب تک کہ پینل یہ نتیجہ اخذ نہیں کرتا کہ جس پراسس پر پہلے عمل کیا گیا تھا اس نے ICB کو منصفانہ اور مستحکم فیصلہ کرنے سے روک دیا تھا۔

ایک ہی بنیاد جس پر IR پینل تجویز کر سکتا ہے کہ آپ اہل ہیں وہ یہ ہے کہ اگر یہ فیصلہ کرتا ہے کہ قومی فریم ورک میں وضع کردہ اصولوں کے مطابق آپ 'بنیادی ضرورت صحت' کے حامل ہیں۔

بعض صورتوں میں جہاں ہمارا خیال ہے کہ طریقہ کار کے مسائل نے ICB کو مضبوط فیصلہ کرنے سے روکا ہے، آپ کا کیس واپس ICB کو بھیجا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کا کیس ازسرنو مکمل تشخیص کے لیے ICB کو واپس بھیجا جاتا ہے، تو آپ اس ازسرنو مکمل تشخیص کے اضافی IR کے لیے درخواست دینے کے حقدار ہوں گے اگر آپ نتیجے سے اتفاق نہیں کرتے۔

**اس دن کی کارروائی**

IR پینل ان افراد پر مشتمل ہے:

- ایک آزاد چئرپرسن (کوئی ایسا شخص جو NHS میں ملازم نہ ہو اور آپ کے کیس سے پہلے واقف نہ ہو)
- ایک ICB کا نمائندہ اور ایک سوشل سروسز اتھارٹی کا نمائندہ، ان تنظیموں سے جو پہلے آپ کے کیس میں شامل نہ رہے ہوں۔
- ایک کلینکل ایڈوائزر بھی موجود رہ سکتا ہے۔

کلینیکل ایڈوائزر کا کردار یہ بتانا ہے کہ آیا تشخیص کنندگان نے آپ کی طبی تشخیص کے سلسلے میں آپ کی ضروریات کی صحیح تعبیر کی ہے۔ آپ کی اصل طبی تشخیص، انتظام، یا تشخیص کے بارے میں دوسری رائے فراہم کرنا ان کا کام نہیں۔

جائزہ پینل کا طریقہ کار اور عمل چئرپرسن کے لیے ایک ایسا معاملہ ہے، جسے قومی فریم ورک میں بیان کردہ عمل کے حوالے سے سرانجام پانا چاہیے۔ عام طور پر، ہم توقع کرتے ہیں کہ میٹنگ کا کھلا اجلاس ایک گھنٹے تک جاری رہے گا۔

کھلا اجلاس پینل کے اراکین کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ اہم فریقوں بشمول اس شخص، اس کے خاندان اور کسی بھی دیکھ بھال کرنے والے، صحت اور سوشل سروسز کے عملے، اور کسی دوسرے متعلقہ اداروں یا افراد کے خیالات تک رسائی حاصل کریں۔ کھلے اجلاس سے قبل پینل تمام تحریری شواہد کا جائزہ لے گا لیکن مؤقف واضح کرنے کے لیے مزید معلومات حاصل کرنا مانگ سکتا ہے۔

اس کے علاوہ، کھلا اجلاس فرد اور/یا ان کے نمائندے کے ساتھ ساتھ ذمہ دار ICB کو زبانی یا تحریری طور پر اپنے خیالات پیش کرنے کے قابل بناتا ہے۔

کھلے اجلاس کے اختتام پر، چئرپرسن IR پینل کے نتائج اور سفارشات کو بیان کرنے والی رپورٹ کی تیاری کے لیے ٹائم اسکیل کا تعین کرتا ہے۔ پھر آپ اور ICB کے نمائندے (ICB کا وہ نمائندہ جس نے اصل فیصلہ کیا تھا) کو میٹنگ چھوڑنے کر چلے جانا کہا جاتا ہے۔

پھر IR پینل آپ کے کیس پر ذاتی طور پر غور کرتا ہے اور اپنی سفارشات پر فیصلہ کرتا ہے۔

## کون این ایچ ایس کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کے لیے اہل ہے؟

مکمل معلومات نیشنل فریم ورک برائے NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر اور NHS کی مالی مدد سے چلنے والی نرسنگ کیئر سے دستیاب ہیں جو ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھاینڈ سوشل کئیر کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے: https://assets.publishing.service.gov.uk/government/uploads/system/uploads/attachment_data/file/746063/20181001_National_Framework_for_CHC_and_FNC_-_اکتوبر_2018_Revised.pdf

## وہ کلیدی ملاحظات کا خلاصہ جو ہم یہ فیصلہ کرنے میں استعمال کرتے ہیں کہ آیا کوئی 'بنیادی صحت کی ضرورت' کا حامل ہے

NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کے لیے اہلیت کا انحصار کسی خاص بیماری، تشخیص، یا حالت پر نہیں، اور یہ اس بات پر بھی منحصر نہیں کہ دیکھ بھال کون فراہم کرتا ہے یا مذکورہ شخص کہاں رہتا ہے۔ یہ کئیر ہوم، نرسنگ والے کیئر ہوم یا کسی شخص کے اپنے گھر میں فراہم کیا جا سکتا ہے۔

اہلیت کا تعین اس بات سے کیا جاتا ہے کہ آیا کسی شخص کو بنیادی طور پر سوشل کئیر اور رہائش کی ضرورت کے بجائے ایک ایسی 'بنیادی صحت کی ضرورت' ہے، جس کی توقع مقامی اتھارٹی سے کی جا سکتی ہے۔ نرسنگ کیئر کی ضرورت کا حامل ہونا لازمی طور پر کسی کو NHS کنٹینیونگ ہیلتھ کیئر کے لیے اہل نہیں بناتا۔

'بنیادی صحت کی ضرورت' کا اندازہ فرد کی دیکھ بھال کی **تمام** ضروریات کو تفصیل سے دیکھ کر اور انہیں چار اہم خصوصیات سے جوڑ کر لگایا جاتا ہے:

- **نوعیت:** یہ کسی فرد کی ضروریات کی خصوصیات (جس میں جسمانی، ذہنی صحت یا نفسیاتی ضروریات شامل ہو سکتی ہیں) اور ان ضروریات کی نوعیت کی وضاحت کرتی ہے۔ یہ فرد پر ان ضروریات کے مجموعی اثر کو بھی بیان کرتی ہے، بشمول ان کو قابو کرنے کے لیے درکار مداخلتوں کی نوعیت ('معیار') کے۔
- **شدت:** اس کا تعلق ضروریات کی وسعت ('مقدار') اور شدت ('درجے') اور ان کو پورا کرنے کے لیے درکار تعاون سے ہے، بشمول پائیدار/جاری دیکھ بھال کی ضرورت ('تسلسل') کے۔
- **پیچیدگی:** اس کا تعلق اس بات سے ہے کہ علامات کی نگرانی، بیماری (بیماریوں) کا علاج کرنے اور/یا نگہداشت کا انتظام کرنے کے لیے درکار مہارت کو بڑھانے کے لیے ضروریات کس طرح پیش کرتے ہیں اور ان پر بات چیت کی جاتی ہے۔ یہ ایک ہی بیماری سے پیدا ہوسکتا ہے، یا اس میں متعدد بیماریوں کی موجودگی یا دو یا زیادہ امراض کے درمیان تعامل شامل ہوسکتا ہے۔ اس میں ایسے حالات بھی شامل ہو سکتے ہیں جہاں کسی فرد کی

اپنی بیماری پر ردعمل اس کی مجموعی ضروریات پر اثر انداز ہوتا ہے، جیسے کہ جہاں جسمانی صحت کی ضرورت ہوتی ہے اس کے نتیجے میں فرد کو ذہنی صحت کی ضرورت پیدا ہوتی ہے۔

- **غیر متوقع حالت:** یہ اس درجے کی وضاحت کرتا ہے جس میں ضرورتوں میں اتار چڑھاؤ آتا ہے اور اس طرح ان کے انتظام میں مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ اس کا تعلق اس شخص کی صحت کے لیے خطرے کی سطح سے بھی ہے اگر مناسب اور بروقت دیکھ بھال فراہم نہیں کی جاتی ہے۔ ایک غیر متوقع صحت کی دیکھ بھال کی ضرورت کے حامل فرد کو یا تو اتار چڑھاؤ، غیر مستحکم یا تیزی سے بگڑتی ہوئی حالت سے دوچار ہونے کا امکان ہوتا ہے۔

ان خصوصیات میں سے ہر ایک، انفرادی یا مجموعی طور پر، بنیادی صحت کی ضرورت کو ظاہر کر سکتی ہے۔

اس سوال پر بھی غور ہونا چاہئے کہ آیا، مجموعی طور پر، نرسنگ یا دیگر صحت کی خدمات جو فرد کو درکار ہیں وہ اس سطح کی ہیں جو لوکل اتھارٹی کے ذریعہ قانونی طور پر فراہم کی جا سکتی ہیں۔ اگر نہیں، تو یہ 'بنیادی صحت کی ضرورت' کو ظاہر کرے گا۔

## آپ کے ذاتی ڈیٹا کا کیا ہوتا ہے؟

**رازداري کا نوٹس**

ہماری رازداری کی نوٹس – https://www.england.nhs.uk/contact-us/privacy-notice/ یہ بیان کرتا ہے کہ ہم ذاتی ڈیٹا کس طرح استعمال کرتے ہیں اور بتاتا ہے کہ آپ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں اور ڈیٹا کے متعلق اپنے حقوق کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کی معلومات پر ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ 2018 کے تقاضوں کے مطابق عمل کریں گے۔

اگر آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہیں، تو برائے مہربانی اس ویب سائٹ پر رابطے کی معلومات سے مستفید ہوتے ہوئے متعلقہ علاقائی ٹیم سے رابطہ کریں: https://www.england.nhs.uk/healthcare/

اگر ڈیٹا کے تحفظ سے متعلق آپ کے سوالات ہیں، تو برائے مہربانی ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفس سے رابطہ کریں: england.dpo@nhs.net

آپ کو ڈیٹا کے تحفظ کے مسائل کے بارے میں ہمارے خلاف انفارمیشن کمشنر آفس میں شکایت کرنے کا حق ہے: https://ico.org.uk/make-a-complaint/

NHS England
Skipton House
80 London Road
London
SE1 6LH

کانٹیکٹ: enquiries@england.nhs.uk

طلب کرنے پر اس اشاعت کو متعدد متبادل فارمیٹس میں فراہم کرایا جا سکتا ہے۔

© NHS England 2022 | PAR1381